جائزہ اور امتحانات برائے سمسٹر خزاں 2019 کے حوالے سے ضروری ہدایات برائے طلبہ

BS, B.Ed (New) & equivalent, Postgraduate (Diploma, MA, MSc, M.Com, MBA & equivalent)
Programs on **ODL/Blended Mode** for COVID-19 affected Autumn Semester 2019

عزیز طلبہ !

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ درج بالا پروگرامز کے امتحانات تدریسی کیلنڈر کے مطابق 16 اپریل تا 31 مئی 2020 تک منعقد ہونا تھے لیکن کروناوائرس کے پیش نظر ان کا انعقاد ابھی تک ممکن نہیں ہو سکا ہے۔ اس سلسلے میں طلبہ و طالبات کے تعلیمی سال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مجاز اتھارٹی نے ایک پالیسی کی منظوری دی ہے جس کے چیدہ چیدہ نکات درج ذیل ہیں:-

(1) **(الف)**۔ طلبہ کو "End Term Assessment" پیپرز بذریعہ ڈاک اُن کے دیئے گئے پتوں پر بھجوائے جائیں گے اور رولنمبر سلپ والی آپشن میں یونیورسٹی ویب سائٹ پر بھی 27 جون کو اپ لوڈ کر دیئے جائیں گے۔

(ب)۔ پیپر کو حل کرنے سے پہلے دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھ اور سمجھ لیں، جوابات متعلقہ مواد پر مشتمل ہوں، غیر ضروری تشریحات سے پرہیز کریں۔

(ج)۔ یہ اینڈ ٹرم اسسمنٹ (پیپر) کُل چار سوالات پر مشتمل ہو گا۔ تمام سوالات لازمی حل کرنے ہونگے۔

(د)۔ کورس میٹریل کے حوالے سے عملی زندگی کے مشاہدے کی بنیاد پر اپنی رائے کا اظہار کریں اور ہر سوال کے آخر پر حوالہ جات (References) ضرور شامل کریں۔

(2) اگر متعلقہ کورس کوڈز کے اینڈ ٹرم اسسمنٹ (پیپر) کسی وجہ سے بذریعہ ڈاک نہ ملیں تو آپ یونیورسٹی ویب سائٹ سے اپنا رولنمبر درج کر کے 27 جون کے بعد کسی بھی وقت ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کو ایس ایم ایس بھی کیا جائے گا۔ ساتھی طلبہ سے رابطے میں رہیں اور یونیورسٹی ویب سائٹ کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے رہیں۔ اسی لنک پر دیگر ہدایات اور یہ کہ آپ نے حل شدہ اینڈ ٹرم اسسمنٹ (پیپر) کس پتہ پر بھیجنے ہیں موجود ہے۔

(3) ٹائپ شدہ اور مختلف لکھائی والی جوابی کاپیاں مسترد کر دی جائیں گی اور (Unfair Means Case) بنایا جائے گا۔

(4) کسی کتاب، مواد یا دوسرے طلبہ سے نقل شدہ جوابات پر چربہ سازی اور نقل کا کیس بنایا جائے گا۔

(5) جوابات اپنی Handwriting میں لکھیں اور ہر حل شدہ صفحے پر اپنے دستخط لازمی کریں۔ لکھائی سابقہ اور آئندہ پیپرز کے ساتھ ٹیلی کی جائے گی۔ ٹیلی نہ ہونے کی صورت میں (Unfair Means Case) بنایا جائے گا۔

(6) طلبہ اپنے تمام متعلقہ کورس کوڈز کے اینڈ ٹرم اسسمنٹ (پیپر) حل کر کے ایک ہی لفافے میں صرف بذریعہ ڈاک یا کوریئر سروسز دی گئی تاریخ تک یا پہلے پہنچانے کے پابند ہونگے۔ لفافے پر طالب علم کا واپسی پتہ اور موبائل نمبر واضح درج ہو۔ لیٹ ہونے کی صورت میں یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہو گی۔ اس سلسلے میں کوئی عذر تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ آپ کو پوسٹ کی گئی اور website پر موجود آپ کی رولنمبر سلپ کے ایک حصہ پر جوابات بھیجنے کے لئے پتہ درج ہے، اسکو کاٹ کر لفافے پر چسپاں کر کے 20 جولائی 2020 سے پہلے رجسٹرڈ پوسٹ / کوریئر کیا جائے تا کہ آپکا لفافہ مقررہ تاریخ سے پہلے پہنچ جائے۔

(7) حل شدہ اینڈ ٹرم اسسمنٹ پیپرز دیئے گئے پتے پر 20 جولائی 2020 تک یا پہلے دفتری اوقات کار میں موصول ہو جانے چاہیں۔ حل شدہ اینڈ ٹرم اسسمنٹ پیپرز دستی (Byhand) وصول نہیں کئے جائیں گے اور نہ انکو تسلیم کیا جائے گا بلکہ یہ صرف ڈاک یا کوریئر سروسز کی مدد سے بھجوائے جائیں گے اور رسیدیں نتائج کے اعلان تک سنبھال کر رکھنی ہو نگی۔

کنٹرولر امتحانات

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

فون نمبر **051-9250049, 9057645, 051-9250006, 051-9250051**